- قرآن مجید پڑھتے ہوئے دل اللہ کی طرف متوجہ رکھنا ہے۔
- اخلاص کے ساتھ اللہ سے ہدایت کی دعا مانگنی ہے۔ اور قرآن مجید میں غور و فکر کرنا ہے۔
- اپنی ہر چھوٹی بڑی غلطی کو تسلیم کرنا ہے۔
- قرآن مجید کے احکامات پر عمل کر کے اجر عظیم حاصل کرنا ہے۔
- ہر قسم کے جھوٹ سے اجتناب کرنا ہے۔
- ہدایت کے لیے اصل چیز کتاب اللہ ہے۔ اس کی تلاوت کا حق ادا کرنا ہے۔
- اللہ کے احکامات کا مذاق نہیں اڑانا۔
- مشکل آنے پر اللہ سے صبر اور نماز کے ذریعے مدد طلب کرنی ہے۔
- اللہ کی عظمت کو دل سے محسوس کرنا ہے۔
- علم کے ساتھ ادب بھی سیکھنا ہے۔
- طیب اور سادہ غذا کھانی ہے۔
- حقوق اللہ اور حقوق العباد پہچاننے ہیں۔
- اللہ کے راستے میں اس کے دیئے ہوئے علم کے ذریعے رزق اور مال اچھی نیت کے ساتھ خرچ کرنا ہے۔
- حق کو لوگوں کے ڈر سے چھپانا یا مشتبہ نہیں بنانا ہے۔
- ہمارے نفع و نقصان کا مالک صرف اللہ ہے اس لیے صرف اور صرف اللہ سے ڈرنا ہے۔
- اللہ کے اسماء الحسنیٰ کا واسطہ دے کر اللہ سے مدد مانگنی ہے۔
- لوگوں سے ایسی بات کرنی ہے جس سے ان کا دل خوش ہو جائے۔
- ہر حاسد کو معاف کر دینا ہے کیوں کہ وہ مجبور ہے۔
- اپنے گناہوں کو یاد کر کے رو رو کے حضرت آدمؑ اور حضرت یونسؑ کے توبہ کے کلمات دہرانے ہیں۔
- اپنے گھر اور ملک کے لیے دعا کرنی ہے کہ اللہ اس کو امن والی جگہ بنا دے۔
- دل کی سختی سے اللہ کی پناہ مانگنی ہے۔
- اپنے خاتمۂ بالخیر کی دعا مانگنی ہے۔